بینک دولت پاکستان

شعبۂ شماریات اور ڈیٹا ویئر ہاؤس

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

سرکلر نمبر ڈی ایس. آئی ٹی ایس ڈی /جی ای این /2018-026966 6 دسمبر 2018ء

زرِ مبادلہ کے تمام مجاز ڈیلروں کے

صدور / چیف ایگزیکٹوز

محترم / محترمہ،

## ملکی زرِ مبادلہ کے ماہانہ ریٹرن–پرپز کوڈز کا اضافہ

براہ کرم ایف ای سرکلر نمبر 11 بتاریخ 22 اکتوبر 2018ء ملاحظہ کیجیے جو ملکی ترسیلاتِ زر کی خدمات کی فراہمی سے متعلق ہے۔

2۔ زرِ مبادلہ کے ماہانہ ریٹرنز میں، جو انٹرنیشنل ٹرانزیکشن رپورٹنگ سسٹم (آئی ٹی آر ایس) کے ذریعے رپورٹ کیے جاتے ہیں، درج ذیل پرپز کوڈز کا اضافہ کیا گیا ہے جو کہ مذکورہ سرکلر میں 'بزنس سے صارف کو' اور 'صارف سے بزنس کو' لین دین کا احاطہ کرتے ہیں۔

مذکورہ بالا آرڈر کے تناظر میں، براہِ کرم وزارتِ تجارت اور ٹیکسٹائل، کامرس ڈویژن، حکومت پاکستان، اسلام آباد کی منسلکہ دفتری یادداشت نمبر ایف. 5 (2)/2017 -ایس او(ایم اینڈ آئی) بتاریخ 20 جنوری 2019ء برائے اطلاع اور ضروری اقدام ملاحظہ کیجیے:

**الف۔ بزنس سے صارف کو**

| نمبر شمار | مقصد | تفصیل | شیڈول / پرپز کوڈ |
|---|---|---|---|
| 1 | کمپیوٹر اور آئی ٹی کی فری لانس خدمات | رہائشی باشندوں / گھرانوں کو بیرونِ ملک کی معروف آئی ٹی فرموں اور آن لائن پلیٹ فارموں سے موصول ہونے والی ترسیلات جو کمپیوٹر اور آئی ٹی کی فری لانس خدمات کے عوض ہوں۔ | Schedule J/O-3 9186 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | دیگر فری لانس خدمات | رہائشی باشندوں /گھرانوں کو بیرونِ ملک کے معروف آن لائن پلیٹ فارموں، فرموں اور افراد سے موصول ہونے والی ترسیلات جو کمپیوٹر اور انفارمیشن سسٹمز کے علاوہ فری لانس خدمات کے عوض ہوں۔ | Schedule J/O-3 9249 |
| 3 | پنشن کی وصولی | رہائشی پنشنروں کو صرف پنشن کی مد میں بیرونِ ملک سے موصول ہونے والی ترسیلات | Schedule J/O-3 9477 |

**ب۔ صارف سے بزنس کو**

| نمبر شمار | مقصد | تفصیل | شیڈول/پرپز کوڈ |
|---|---|---|---|
| 1 | یوٹیلٹی بلز، تعلیم، اسپتالوں، سپر اسٹورز، بیمہ، کریڈٹ کارڈ کی ادائیگی وغیرہ | بجلی / گیس / مواصلات کی کمپنیوں، تعلیمی اداروں اور اعلیٰ تعلیمی کمیشن سے منظور شدہ جامعات، سپر اسٹورز، اسپتالوں وغیرہ کو اپنے کنزیومر اکاؤنٹس میں بیرونِ ملک پاکستانی افراد سے موصول ہونے والی ترسیلات جو پاکستان میں مندرجہ بالا سہولتیں دیتے ہوں۔ | Schedule J/O-3 9186 |
| 2 | ہاؤسنگ اسکیمیں | معروف رئیل اسٹیٹ بلڈرز / ڈویلپرز اور ہاؤسنگ سوسائٹیوں کو بیرونِ ملک پاکستانی افراد سے جائیداد مثلاً رہائشی پلاٹس، فلیٹس اور عمارات وغیرہ کی قیمت / قسط کے سلسلے میں موصول ہونے والی ترسیلات، ماسوائے کسی انٹرپرائز میں سرمایہ کاری کے لیے موصول ہونے والی ترسیلات۔ | Schedule J/O-3 9249 |

3۔ ان پرپز کوڈز پر لین دین کا احاطہ کرنے کے لیے آئی ٹی آر ایس کلائنٹ ایپلی کیشن اپ ڈیٹ کر دی گئی ہے۔ بینکوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اسٹیٹ بینک ڈیٹا ایکویزیشن پورٹل (ڈی اے پی) کے نالج سینٹر سے اپ ڈیٹڈ کلائنٹ ڈاؤن لوڈ کر لیں اور مذکورہ پرپز کوڈز پر رپورٹنگ شروع کریں (اگر کوئی ہو)۔

4۔ مجاز ڈیلروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنے متعلقین کو مذکورہ معلومات فراہم کریں۔

آپ کا مخلص

**(عزیز اللہ خٹک)**